حافظ احمد علی سوم آئے۔انہیں نقد انعامات سے نوازا گیا۔

01-10-2001 برنامج المساعدۃ التعلیمیۃ کے زیر اہتمام کلیۃ الحدیث والدراسات الاسلامیہ غواڑی میں علوم عصریہ پڑھانے کے لیے سات اساتذہ تقرر ہو کر باقاعدہ پڑھائی شروع ہوئی۔

03-10-2001 جمعیت طلباء کا اختتامی جلسہ منعقد ہوا، جس میں سال بھر حسن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو قیمتی کتب اور نقد انعامات دیئے گئے۔

07-10-2002 چلاس سے علماء کرام کا دس رکنی تبلیغی وفد دورے پر تشریف لایا۔

13-10-2001 کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات میں تقریب ختم البخاری منعقد ہوئی۔امسال فارغ ہونے والی طالبات کی تعداد سولہ ہے۔

21-10-2001 شیخ الحدیث مولانا عبدالرشید ندویؒ کا ذاتی کتب خانہ ''مکتبہ رشیدیہ'' ایصال ثواب کے لیے جامعہ دارالعلوم کے نام وقف کر دیا گیا۔

28-10-2001 کلیۃ الحدیث میں اسعاف کا پروگرام شروع ہوا، جس کے لیے ڈاکٹر محمد سلیم صاحب کی خدمات حاصل کی گئیں۔

02-11-2001 جامع مسجد بلغار گوند کے تہ خانے کے افتتاح کے سلسلے میں ایک شاندار جلسہ کا اہتمام ہوا۔

08-11-2001 جامعہ دار العلوم بلتستان کے سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا۔

جامعہ قسم البنین میں اول ثناءاللہ محمد باقر ۱/ک، دوم عبداللہ شاکر ۲/ث، سوم فردوس غلام قادر ۱/ث

قسم البنات میں اول آمنہ محمد باقر ۳/م، دوم :عابدہ ثناءاللہ ۳/ث اور

سمرین عبدالرشید ۲/ث سوم: زاہدہ یوسف ۱/ک اور ناصرہ مہدی ۱/م ۔

دونوں اقسام میں کل 1094 طلباء وطالبات میں سے 1063 امتحان میں شریک ہوئے۔اور 951 پاس ہوئے۔

10-11-2001 وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان کے زیرِ اہتمام مرحلہ عالیہ اور عالمیہ کے امتحانات شروع ہوئے۔

05-12-2001 مبلغات ومعلمات جامعہ نے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں موضع غواڑی کے مختلف گاؤں کا تبلیغی دورہ کیا۔